ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔ 021-99212639

مذہب، رنگ و زبان مختلف ضرور ہیں لیکن انسان سب برابر ہیں۔ آئی جی سندھ

کراچی 21 مارچ 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے عالمی سطح پر نسل پرستی کیخلاف منائے جانیوالے دن کی مناسبت سے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب سے خطاب کے دوران اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں آباد لوگوں کے مذہب، رنگ اور زبان مختلف ضرور ہیں تاہم انکے درمیان سب سے بڑا رشتہ انسانیت کا ہے۔ دین اسلام نے بھی ہمیں یہی سکھایا ہے کہ کسی ایک کو دوسرے پر فضیلت نہیں سب انسان برابر ہیں۔

انہوں نے اس خصوصی تقریب میں شریک اقلیتی برادری کے پولیس ملازمین، منسٹریل اسٹاف و دیگر سمیت، ہندو برادری کے سرپنچ کے علاوہ کرسچن، سکھ اور دیگر کمیونٹیز کے نمائندگان سے کہا کہ ہم سب ایک ہیں ہمیں متحد ہو کر اس ملک اور صوبے کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی جیسے اقدامات میں اپنا انفرادی اور اجتماعی کردار ادا کرنا ہوگا اور بین المذاہب، ہم آہنگی جیسے اقدامات کو ہر سطح پر فروغ دینا ہوگا۔ تقریب میں سینٹرل پولیس آفس سندھ کراچی کے سینئر پولیس آفیسران بھی شریک تھے۔

تقریب کے اختتام پر مختلف اقلیتوں کے نمائندگان نے اس خصوصی دن کی مناسبت سے تقریب کے انعقاد اور اقلیتوں کی عزت افزائی جیسے اقدامات کو سراہا اور تعریف کی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔